# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، بہاولپور

نمبر: 56 / رجسٹریشن

مورخہ 23-06-2025

## ﴿مزید توسیع/ ترمیمی شیڈول﴾

بخدمت:

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات
(گورنمنٹ،الحاق شدہ ہائی رہائیر سیکنڈری سکولز)
واقع حدود تعلیمی بورڈ، بہاولپور

**عنوان:- جماعت نہم برائے تعلیمی سیشن 2027-2025ء میں داخلہ/ رجسٹریشن/ آن لائن ڈیٹا انٹری کا مزید توسیع/ ترمیمی شیڈول**

دفتر ہذا سے جاری کردہ شیڈول داخلہ نمبر 53- رجسٹریشن مورخہ 15-04-2025 کے تسلسل میں جملہ متعلقین کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین نے مراسلہ نمبر SO(Boards)Meetings/PBCC/2025/5/1(iii) مورخہ 19-06-2025 کے تحت جماعت نہم برائے تعلیمی سیشن 2027-2025ء میں داخلہ برائے رجسٹریشن/آن لائن ڈیٹا انٹری اور ترسیل ریٹرن کا درج ذیل مزید توسیع/ ترمیمی شیڈول جاری کیا ہے۔

| نمبرشمار | شیڈول | ادارہ جات میں داخلہ،آن لائن ڈیٹا انٹری/کوائف کی فیڈنگ، بنک میں فیس جمع کرانے،آن لائن کمپیوٹرائیزڈ جمع شدہ بنک چالان اور رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع فارورڈنگ لیٹر بورڈ آفس میں جمع کروانے کی حتمی تواریخ |
|---|---|---|
| (i) | رجسٹریشن برائے جماعت نہم بمطابق شیڈول سنگل فیس (تمام سرکاری ادارے رجسٹریشن فیس اور سپورٹس فیس سے مستثنٰی ہوں گے لیکن پروسیسنگ فیس مبلغ-/530 روپے ،ڈویلپمنٹ فنڈ مبلغ-/200 روپے اور سکالرشپ فیس مبلغ-/80 روپے فی طالب علم/ طالبہ جمع کروانے کے پابند ہوں گے | مورخہ 15-04-2025 تا 20-07-2025 تک |
| (ii) | لیٹ فیس فی طالب علم/ طالبہ مبلغ-/600 روپے (تمام سرکاری، پرائیویٹ(الحاق شدہ) تعلیمی ادارہ جات رجسٹریشن بمعہ سپورٹس، ڈویلپمنٹ، سکالرشپ اور پروسیسنگ فیس جمع کروانے کے پابند ہوں گے | مورخہ 21-07-2025 تا 04-08-2025 تک<br>مبلغ-/2560 روپے فی اُمیدوار |
| (iii) | ایسے طلباء/ طالبات جن کا داخلہ ادارہ جات میں درج بالا شیڈول میں ہوا ہو مگر آن لائن رجسٹریشن نہ ہوسکی ہو یا Batch نہ بنا ہو اور رجسٹریشن فیس بنک میں جمع نہ کروائی ہو یا رجسٹریشن کی ہارڈ کاپی بورڈ آفس جمع نہ ہوئی ہو تو ایسے اُمیدواران کے کوائف آن لائن ڈیٹا انٹری کے بعد رجسٹریشن ریٹرن اصل مروجہ فیس مبلغ-/2560 روپے کے علاوہ یومیہ جرمانہ فی اُمیدوار مبلغ-/300 روپے تاریخ وصولی بورڈ تک جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔ | میٹرک جماعت نہم فرسٹ سالانہ 2026 امتحان کے انعقاد سے تین یوم قبل تک |
| (iv) | مورخہ 04-08-2025 کے بعد جماعت نہم میں داخلہ کی اجازت نہ ہوگی۔ | |

| ضروری نوٹ | درج بالا شیڈول کے مطابق ادارہ جات فیس ادائیگی کر کے رجسٹریشن ریٹرن بورڈ میں جمع کروائیں بغیر ادائیگی فیس رجسٹریشن ریٹرن قابل قبول نہ ہوگی اور رجسٹریشن ریٹرن مسترد کر کے واپس ارسال کر دی جائے گی مزید یہ کہ جس تاریخ کو رجسٹریشن ریٹرن بورڈ آفس میں دستی وصول/ کوریئر ہو گی اُسی دن کے مطابق فیس شیڈول نافذ العمل ہوگا۔ |
|---|---|

(جاری ہے)

(1) امیدواران کی رجسٹریشن فیس بنک میں جمع کروانے کے بعد آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی، جمع شدہ بنک چالانز (رجسٹریشن فیس) مع ترسیلی لیٹر دفتر ہذا میں مقررہ تاریخ (بغیر لیٹ فیس / لیٹ فیس شیڈول) تک ترسیل / کوریئر نہ پہنچنے کی صورت میں آخری تاریخ کے بعد پہلے ماہ مبلغ -/2,000 روپے اور اس کے بعد ہر ماہ مبلغ -/3,000 روپے جرمانہ سربراہ ادارہ (ہائی / ہائر سیکنڈری سکول انتظامیہ) سے وصول کیا جائے گا واضح رہے کہ مقررہ تاریخ کے اندر رجسٹریشن فیس بنک میں جمع کروا کر ہارڈ کاپی بورڈ میں وصول نہ ہونے کی صورت میں یہ جرمانہ عائد ہوگا بصورت دیگر جس تاریخ کو بنک میں فیس جمع کروانے کے بعد بورڈ میں چالان / ریٹرن وصول ہوگی اُس دن کے مطابق شیڈول نافذ العمل ہوگا۔

(2) **واضح رہے کہ دیگر تمام شرائط و قواعد پہلے سے جاری شدہ شیڈول داخلہ نمبر 53 - رجسٹریشن مورخہ 15-04-2025 کے مطابق ہی لاگو ہونگی۔**

(ظہور احمد چوہان)

**سیکریٹری**

**بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، بہاولپور**

**کاپی برائے اطلاع رضروری کاروائی۔**

(1) ڈائریکٹر تعلیم کالجز بہاولپور ڈویژن بہاولپور
(2) ریجنل ڈائریکٹر تعلقات عامہ بہاولپور (برائے اشاعت)
(3) نیوز ایڈیٹر، ریڈیو پاکستان بہاولپور (برائے نشریات)
(4) سسٹم اینالسٹ (برائے بورڈ ویب سائٹ)
(5) شیڈول فائل

(محمد شفیق انجم)

**انچارج آفیسر (رجسٹریشن)**